NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

REPORT OF THE STANDING COMMITTEE ON CABINET SECRETARIAT ON "THE NATIONAL POVERTY REDUCTION BILL, 2021" MOVED BY MS. UZMA RIAZ, MNA

I, Chairperson of the Standing Committee on Cabinet Secretariat have the honour to present this report on the Bill "The National Poverty Reduction Bill, 2021" moved by Ms. Uzma Riaz, MNA (Private Member Bill) referred to Committee on 2nd February, 2021

2. The Committee comprises the following:

(1)	**Ms. Kishwer Zehra**	**Chairperson**
(2)	Mr. Saleem Rehman	Member
(3)	Mr. Ali Nawaz Awan	Member
(4)	Mr. Tahir Sadiq	Member
(5)	Mr. Muhammad Asim Nazir	Member
(6)	Mr. Aamir Talal Gopang	Member
(7)	Khawaja Sheraz Mehmood	Member
(8)	Mr. Muhammad Aslam Khan	Member
(9)	Ms. Uzma Riaz	Member
(10)	Mr. Muhammad Hashim	Member
(11)	Mr. Rasheed Ahmad Khan	Member
(12)	Mr. Ahmad Raza Maneka	Member
(13)	Rana Iradat Sharif Khan	Member
(14)	Ms. Shahnaz Saleem Malik	Member
(15)	Ms. Seema Mohiuddin Jameeli	Member
(16)	Mr. Raza Rabani Khar	Member
(17)	Mr. Roshanuddin Junejo	Member
(18)	Mir Ghulam Ali Talpur	Member
(19)	Syed Mehmood Shah	Member
(20)	Mr. Mohsin Dawar	Member
(21)	Minister-in-charge for Cabinet Secretariat	Ex-officio Member

3. The Committee considered the Bill as introduced in the National Assembly placed at **'Annex-A'** in its meetings held on 25th February, 12th April, and 1st September, 2021 and recommended that the Bill as introduced may not be passed by the National Assembly.

Sd/-
(TAHIR HUSSAIN)
Secretary
Islamabad, the 27th September, 2021

Sd/-
(MS. KISHWER ZEHRA)
Chairperson
Standing Committee on Cabinet Secretariat

A

BILL

to provide and support continuous efforts in, and monitoring of, poverty reduction in Pakistan.

WHEREAS Pakistan is determined to eradicate all forms of poverty and to support a sustained long-term reduction of poverty in the Islamabad Capital Territory.

WHEREAS poverty reduction contributes to meeting Pakistan's international human rights obligations, including under the International Covenant on Economic, Social and Cultural Rights, the Convention on the Rights of the Child, the Convention on the Rights of Persons with Disabilities and the Convention on the Elimination of All Forms of Discrimination against Women;

AND WHEREAS the progress made by Pakistan in the reduction of poverty contributes to meeting the Sustainable Development Goals of the United Nations;

It is enacted as follows:

1. **Short Title and Commencement.**- (1) This Act shall be called National Poverty Reduction Act, 2020.

(2) It extends to whole of the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.** - The following definitions apply in this Act.

(a) "Council" means the National Advisory Council on Poverty established under section 3.

(b) "Minister" means the Minister In charge of the Poverty Alleviation and Social Safety Division.

(c) "Official Poverty Line" means the Market Basket Measure, as published by Statistics/concerned Division of Pakistan.

(d) "Poverty reduction targets" means commitments made by Pakistan in the reduction of poverty till 2030which contribute to meeting the Sustainable Development Goals of the United Nations.

3. **National Advisory Council on Poverty.**-(1) A council shall be established by the Federal Government to be known as the National Advisory Council on Poverty, consisting of 12 members, including persons with live experience, leaders, experts, academics, and practitioners that work in the field of poverty reduction, representing all the federating units including a Chairperson and two members with particular responsibilities for children's and women's issues respectively.

(2) The council shall meet once in every three months. The members of the Advisory Council may also determine the number of additional meetings or tele-conferences that are necessary to fulfill their mandate.

4. Secretariat of the Council. -The Department of Poverty Alleviation and Social Security Division will provide the necessary support to the Advisory Council to carry out its mandate, including policy, administrative and logistical support.

5. Appointment of other members.(I) The members of the Council, other than the ex officio member, are to be appointed by the Federal Government through notification in the official Gazette.

Provided that at least one member from each province as well as Islamabad Capital Territory shall be appointed.

(2) Appointments will be part of an open, transparent and merit-based selection process that strives for gender parity and reflects Pakistan's diversity.

(3) Members of the Council shall hold office for a term not exceeding three years and are eligible for reappointment on the expiry of a first or subsequent term of office.

(4) Until otherwise provided by Regulations, one-third members of the Council shall form a quorum, and all of the acts of the Council shall be decided by a majority of the members present and voting.

6. Appointment of chairperson.- The Chairperson of the Council shall be elected by the members of the Council from amongst themselves.

7. Chairperson's role. The Chairperson has supervision over and direction of the work of the Council.

8. Chairperson absent or unable to act. If the Chairperson is absent or unable to act or if the office of Chairperson is vacant, the Minister may designate another member of the Council to act as Chairperson,

9. Remuneration. Members will be paid, in connection with their work for the Advisory Council, the remuneration may be fixed by the Federal Government.

10. Travel and living expenses. The members of the Council are entitled to be reimbursed for the travel, living and other expenses incurred, in connection with their work for the Council, while absent from, in the case of full-time members, their ordinary place of work or, in the case of part-time members, their ordinary place of residence.

11. Functions of the Council. The Council shall perform the following functions:

(a) Provide advice to the Minister on poverty reduction in Pakistan, including funding and activities that support poverty reduction;

(b) Undertake consultations with the public, including the academic community and other experts, Indigenous persons and persons with live experience in poverty;

(c) Within six months after the end of each fiscal year, submit a report to the Minister:

(i) on the progress being made in meeting the targets referred to in para (d)of section 2 and the progress being made in poverty reduction measured by, among other things, the metrics set out in the schedule, and

(ii) on the advice that the Council provided to the Minister under paragraph (a) during the fiscal year; and

(d) Undertake any activity specified by the Minister.

12. **Tabling of Report in Parliament.-** Within 15 days of the receipt of the report by the Minister under paragraph (c) of section11, it shall be laid on the Table of Parliament

STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

The mandate of the Advisory Council proposed through this bill is to provide independent advice to the Minister In charge of Poverty Alleviation and Social Security Division and relevant social security and welfare departments of the country on poverty reduction; to annually report on the progress achieved toward reducing the level of poverty as per the targets set under SDGs till 2030 and the performance evaluation of poverty alleviation programs inaugurated by the government in this regard; and to undertake any activity specified by the Minister.

2. The Advisory Council will be representative of Pakistan's diversity, including gender, Indigenous peoples, visible minorities, regions and official languages, produce an annual report for the Minister that will provide detailed information on the progress being made towards meeting the poverty reduction targets and other indicators being tracked under the Strategy, as well as advice on poverty reduction. Functions of advisory council shall be to provide advice in relation to programs, funding and activities that, contribute to poverty reduction; undertake public engagement with various groups, including the academic community and other experts, Indigenous peoples and persons living in poverty or with live experience of poverty; and undertake any activity specified by the Minister.

3. The Bill is proposed in order to ensure that the best possible professional advice is available to the Government to inform, optimize and synergize the formulation and implementation of its poverty alleviation and social security policies, through consultation with the most erudite and well-respected experts, academics and practitioners of the field who are currently serving in,or have rich experience with, amongst the most specialized poverty alleviation and social security departments and organizations in Pakistan.

Hence the above bill is proposed.

Sd-

MS. UZMA RIAZ,

Members National Assembly

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

محترمہ عظمیٰ ریاض، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ قومی تخفیف غربت بل، ۲۰۲۱ء پر قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ کی رپورٹ۔

میں، چیئرپرسن قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ ۲ر فروری، ۲۰۲۱ء کو محترمہ عظمیٰ ریاض، رکن قومی اسمبلی کی جانب سے پیش کردہ اور کمیٹی کے سپرد کردہ "قومی تخفیف غربت بل، ۲۰۲۱ء" پر رپورٹ ہذا پیش کرنے کا شرف حاصل کرتی ہوں۔

۲۔ کمیٹی درج ذیل اراکین پر مشتمل ہے:۔

۱۔	محترمہ کشور زہرا	چیئرپرسن
۲۔	جناب سلیم رحمان	رکن
۳۔	جناب علی نواز اعوان	رکن
۴۔	جناب طاہر صادق	رکن
۵۔	جناب محمد عاصم نذیر	رکن
۶۔	جناب عامر طلال گوپانگ	رکن
۷۔	خواجہ شیراز محمود	رکن
۸۔	جناب محمد اسلم خان	رکن
۹۔	محترمہ عظمیٰ ریاض	رکن
۱۰۔	جناب محمد ہاشم	رکن
۱۱۔	جناب رشید احمد خان	رکن
۱۲۔	جناب احمد رضا مانیکا	رکن
۱۳۔	رانا ارادت شریف خان	رکن
۱۴۔	محترمہ شہناز سلیم ملک	رکن
۱۵۔	محترمہ سیما محی الدین جمیلی	رکن
۱۶۔	جناب رضا ربانی کھر	رکن
۱۷۔	جناب روشن الدین جونیجو	رکن
۱۸۔	میر غلام علی تالپور	رکن
۱۹۔	سید محمود شاہ	رکن
۲۰۔	جناب محسن داوڑ	رکن
۲۱۔	وزیر انچارج برائے کابینہ سیکرٹریٹ	رکن بلحاظ عہدہ

۳۔ کمیٹی نے ۲۵ر فروری، ۱۲ر اپریل اور یکم ستمبر، ۲۰۲۱ء کو منعقدہ اپنے اجلاسوں میں منسلکہ۔الف کے طور پر قومی اسمبلی میں پیش کردہ بل پر غور کیا اور سفارش کی کہ قومی اسمبلی پیش کردہ بل کی منظوری نہ دے۔

دستخط/۔
(طاہر حسین)
سیکرٹری

دستخط/۔
(محترمہ کشور زہرا)
چیئرپرسن
قائمہ کمیٹی برائے کابینہ سیکرٹریٹ

اسلام آباد، ۲۷ر ستمبر، ۲۰۲۱ء

منسلکہ ۔ الف [قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

پاکستان میں تخفیف غربت کے لئے مسلسل کوششوں کی معاونت کرنے اور مسلسل نگرانی کے لئے احکام وضع کرنے کا

بل

چونکہ پاکستان ہر طرح کی غربت کے خاتمے اور مستقل طور پر طویل المدتی غربت میں کمی کی حمایت کرنے کے لئے پر عزم ہے؛

چونکہ غربت میں کمی پاکستان کے انسانی حقوق کی بین الاقوامی ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں معاون ہے، جس میں معاشی، معاشرتی اور ثقافتی حقوق سے متعلق بین الاقوامی معاہدہ، بچوں کے حقوق سے متعلق کنونشن اور معذور افراد کے حقوق کے بارے میں کنونشن اور خواتین کے خلاف برتے جانے والے جملہ اقسام کے امتیاز کو ختم کرنے کے بارے میں کنونشن شامل ہیں۔

اور چونکہ پاکستان نے تخفیف غربت کے لئے جو کوششیں کی ہے اس سے اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوا ہے؛

لہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** ایکٹ ہذا قومی تخفیف غربت ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ پورے پاکستان پر قابل اطلاق ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات۔** ایکٹ ہذا میں حسب ذیل تعریفات لاگو ہوں گی۔

(الف) ''کونسل'' سے مراد دفعہ ۳ کے تحت قائم شدہ قومی مشاورتی کونسل برائے تخفیف غربت ہے۔

(ب) ''وزیر'' سے مراد وزیر انچارج برائے تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن ہے۔

(ج) ''سرکاری خط غربت'' سے مراد پاکستان کی شماریات / متعلقہ ڈویژن کی جانب سے شائع کردہ Market Basket Measure ہے۔

(د) ''تخفیف غربت اہداف'' سے مراد پاکستان کی جانب سے ۲۰۳۰ء تک غربت میں کمی کرنے کی یقین دہانیاں ہیں جو اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کو پورا کرنے میں معاون ثابت ہوں گی۔

۳۔ **قومی مشاورتی کونسل برائے غربت۔** (۱) وفاقی حکومت ایک کونسل تشکیل دے گی جو قومی مشاورتی کونسل برائے غربت کہلائے گی۔ یہ ۱۲/ اراکین پر مشتمل ہو گی اور اس میں تمام وفاقی اکائیوں کی نمائندگی کرنے والے ذاتی تجربہ کے حامل افراد، رہنما، ماہرین، ماہرین تدریس، اور پریکٹیشنرز جو تخفیف غربت کے شعبے میں مصروف عمل ہیں، بشمول ایک صدر نشین اور دو اراکین جن کو بالترتیب بچوں اور خواتین کے معاملات کے حوالے سے خصوصی ذمہ داریاں سونپی گئی ہوں، شامل ہوں گے۔

(۲) کونسل تین ماہ میں ایک اجلاس منعقد کرے گی۔ مشاورتی کونسل کے اراکین، اضافی اجلاس یا ٹیلی کانفرنسیں، جو ان کے حوالے کردہ کام کو پورا کرنے میں معاون ہوں، کی تعداد کا تعین بھی کر سکیں گے۔

۴۔ **کونسل کا سیکرٹریٹ۔** محکمہ تخفیف غربت و سماجی تحفظ ڈویژن، مشاورتی کونسل کو درکار ضروری مدد فراہم کرے گا تاکہ یہ اپنے حوالے کردہ کام، بشمول، پالیسی، انتظامی اور لاجسٹیکل سپورٹ کے معاملات کو نمٹائے۔

۵۔ **دیگر اراکین کی تقرری۔** (۱) وفاقی حکومت، رکن بلحاظ عہدہ کے علاوہ کونسل کے اراکین کو سرکاری گزٹ میں اعلامیہ کے ذریعے مقرر کرے گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ ہر ایک صوبے اور وفاقی دارالحکومت سے کم از کم ایک ایک رکن منتخب کیا جائے گا۔

(۲) تقرریاں، کھلے، شفاف اور میرٹ پر مبنی انتخاب کے ایسے عمل، جو صنفی برابری کے لئے کوشاں ہو اور پاکستان کی تنوع کو ظاہر کرتا ہو، پر مبنی ہوں گی۔

(۳) کونسل کے اراکین تین سال تک کی مدت کے لئے عہدے پر فائز رہیں گے اور عہدے کی پہلی یا بعد کی مدت کے اختتام پر باز تقرری کے اہل ہوں گے۔

(۴) تاوقتیکہ بصورت دیگر بذریعہ ضوابط صراحت کی گئی ہو، کونسل کے ایک تہائی اراکین کورم تشکیل دیں گے اور کونسل کے تمام امور کے بارے میں فیصلہ موجود اراکین کی اکثریت اور رائے دہی سے کیا جائے گا۔

۶۔ **صدر نشین کی تقرری۔** کونسل کے صدر نشین کا انتخاب کونسل کے اراکین میں سے کیا جائے گا۔

۷۔ **صدر نشین کا کردار۔** صدر نشین کونسل کے کام کی نگرانی اور رہنمائی کرے گا۔

۸۔ **صدر نشین کی غیر حاضری یا کام کرنے سے قاصر ہونا۔** اگر صدر نشین غیر حاضر، کام کرنے سے قاصر ہوتا ہے یا اگر صدر نشین کا منصب خالی ہوتا ہے تو وزیر کونسل کے کسی دوسرے رکن کو بطور صدر نشین کام کرنے کے لئے نامزد کر سکتا ہے۔

۹۔ **معاوضہ۔** اراکین کو مشاورتی کونسل کے لئے ان کے کام کے حوالے سے معاوضہ ادا کیا جائے گا جسے وفاقی حکومت مقرر کرے گی۔

۱۰۔ **سفری اور رہائشی اخراجات۔** کونسل کے اراکین کونسل کے اپنے کام کے حوالے سے کل وقتی اراکین کی صورت میں اپنے کام کے عمومی مقام سے، یا جزوقتی اراکین کی صورت میں اپنی رہائش کے عمومی مقام سے غیر حاضری پر سفری، رہائشی اور دیگر اخراجات کی بازادائیگی کے حق دار ہوں گے۔

۱۱۔ **کونسل کے فرائض۔** کونسل حسب ذیل فرائض سرانجام دے گی:

(الف) وزیر موصوف کو پاکستان میں تخفیف غربت بشمول غربت میں کمی میں مدد دینے والے پروگراموں، فنڈنگ اور سرگرمیوں کے حوالے سے مشورہ دینا۔

(ب) عوام الناس بشمول تعلیمی برادری اور دیگر ماہرین، مقامی افراد اور غربت کے تجربے سے گزرنے والے افراد کے ساتھ مشاورت کرنا۔

(ج) ہر مالی سال کے اختتام کے بعد چھ ماہ کے اندر وزیر کو ایک رپورٹ پیش کرنا۔

(i) سیکشن ۲ کے پیرا "د" میں درج کردہ اہداف کو پورا کرنے میں ہونے والی پیش رفت کے بارے میں اور دیگر چیزوں کے علاوہ، غربت میں کمی کے اقدامات میں جو پیشرفت ہوئی ہے کو میٹرکس جدول میں مقرر کرنا۔

(ii) اس مشورے پر جو کونسل نے مالی سال کے دوران وزیر کو پیرا (الف) کے تحت دیا تھا۔

(د) وزیر کی طرف سے تعین کردہ کسی بھی سرگرمی کی ذمہ داری لینا۔

۱۲۔ **پارلیمنٹ میں رپورٹ پیش کرنا۔** وزیر کو لازمی طور پر دفعہ ۱۱ کے پیراگراف (ج) میں دیئے گئے حوالہ کے مطابق رپورٹ کو رپورٹ وصول ہونے کے بعد پہلے منعقد ہونے والے اجلاس کے پہلے ۱۵ دنوں میں کسی بھی دن ایوان میں پیش کرنا ہو گی۔

بیان اغراض و وجوہ

بل ہذا کے ذریعے تجویز کردہ مشاورتی کونسل کی ذمہ داری غربت کے خاتمے اور سماجی تحفظ ڈویژن کے وزیر انچارج کو اور ملک کے سماجی تحفظ اور فلاح و بہبود کے متعلقہ اداروں کو غربت میں کمی سے متعلق ؛ایس ڈی جی کے تحت ۲۰۳۰ء تک طے شدہ اہداف کے مطابق غربت کی سطح کو کم کرنے میں حاصل ہونے والی پیشرفت کی سالانہ رپورٹ پر اور اس ضمن میں حکومت کی طرف سے غربت کے خاتمے کے پروگراموں کی کارکردگی کا جائزہ؛ اور وزیر کی طرف سے بیان کردہ کسی بھی سرگرمی کو انجام دینے کے لئے آزادانہ مشورے فراہم کرنا ہے۔

۲۔ مشاورتی کونسل پاکستان کے تنوع کی نمائندگی کرے گی جس میں صنف، مقامی لوگ، ظاہر اقلیتیں اور سرکاری زبانیں شامل ہیں جو وزیر کے لئے ایک سالانہ رپورٹ تیار کرے گی جس میں غربت میں کمی کے لئے اہداف اور دیگر اشاریے پر حکمت عملی کے تحت سراغ لگائے جانے کے عمل کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کرے گی اور غربت میں کمی سے متعلق مشورے فراہم کرے گی۔ مشاورتی کونسل کے کارہائے منصبی میں پروگراموں، فنڈنگ اور سرگرمیاں جو تخفیف غربت سے متعلق مشاورت فراہم کرنا ہو گا۔ مختلف گروپوں کے ساتھ عمومی مصروفیت بشمول تدریسی طبقہ اور دیگر ماہرین، وہ مقامی لوگ اور افراد جو غربت میں زندگی بسر کر رہے ہیں یا جنہیں غربت میں زندگی بسر کرنے کا تجربہ ہو اور وزیر کی جانب سے صراحت کردہ کسی بھی کام کی ذمہ داری ہے۔

۳۔ لہذا بل ہذا تجویز کیا جاتا ہے تاکہ دستیاب بہترین پیشہ وارانہ مشورے سے حکومت کو مطلع کیا جائے تاکہ شعبہ کے انتہائی دانشمند اور قابل احترام ماہرین، ماہرین تدریسی اور پریکٹیشنرز جو اس وقت اپنے کام میں مصروف عمل ہوں انہیں پاکستان میں تخفیف غربت اور سماجی تحفظ کے انتہائی مخصوص محکموں اور تنظیموں کے ساتھ کام کرنے کا اچھا خاصا تجربہ ہو، کے ساتھ مشاورت کے ذریعے تخفیف غربت اور سماجی تحفظ کی پالیسیوں کی تشکیل اور ان پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے۔

لہذا بل ہذا تجویز کیا جاتا ہے۔

دستخط/-
محترمہ عظمیٰ ریاض
رکن، قومی اسمبلی۔